بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

Email: guldastabahar@gmail.com

روزنامہ

گلدستہ بہار

کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز پیر 17 اگست 2026ء 3 ربیع الاول 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 218

آخری دہشتگرد کے خاتمے تک دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہیگی، ایاز صادق

بلوچستان سمیت ملک بھر سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے قومی عزم غیر متزلزل ہے، سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں

دہشتگرد ملک کے امن و استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں اسپیکر قومی اسمبلی کا بلوچستان میں انٹیلی جنس آپریشن کے دوران 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (اے این این) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خاران میں انٹیلی جنس آپریشن کے دوران 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کی تعریف کی ہے۔ اپنے بیان میں سردار ایاز صادق نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشتگرد ملک کے امن و استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے، سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

بلوچستان میں ہوٹلوں اور گیسٹ ہاوسز کی خدمات پر سیلز ٹیکس کی شرح مقرر

غیر کارپوریٹ اور غیر فرنچائز کاروبار پر 5 فیصد، کارپوریٹ و چین کاروبار پر 15 فیصد ٹیکس عائد

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے ہوٹلوں، موٹلوں، ریزورٹس، گیسٹ ہاوسز اور فارم ہاؤسز کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح کاروبار کی نوعیت کے مطابق مقرر کردی ہے۔ دستیاب شیڈول کے مطابق غیر کارپوریٹ، (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کو فوری ریسکیو کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

زراعت بلوچستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، صادق عمرانی

بلوچستان میں امن وامان کے قیام کیلئے سیکیورٹی ادارے پوری ذمہ داری اور عزم کے ساتھ اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابلِ تحسین ہیں۔ قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، وفاقی وزیر داخلہ

کوئٹہ (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور مستونگ میں پیش آنے والے حملے کے بعد ان کی خیریت دریافت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا کہ میر ضیاء اللہ لانگو حملے میں محفوظ رہے۔ انہوں نے مستونگ حملہ ناکام بنانے پر بلوچستان پولیس کی بہادری اور جرات کو خراج تحسین پیش کیا محسن نقوی کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابلِ تحسین ہیں۔ قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائے گا، جبکہ امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے سیکیورٹی ادارے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ تیزاب گردی کا شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو فوری ریسکیو کرنے والے نوجوان عبدالرازق اور ان بھائیوں کا گروپ فوٹو

خاران سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس آپریشن، 7 دہشتگرد ہلاک

لجے میں کارروائی، متعدد دہشت گرد زخمی، اسلحہ، گولہ بارود، گاڑیاں اور موٹر سائیکل برآمد کرلیا گیا، صدر کا بلوچستان کے ضلع خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

ہلاک دہشت گرد بھتہ خوری، اغوا، ٹارگٹ کلنگ اور خودکش حملوں کی منصوبہ بندی سمیت دہشت گردی کی مختلف کارروائیوں میں ملوث تھے، سیکورٹی ذرائع

خاران (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خاران کے علاقے لجے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج سے وابستہ متعدد دہشت گرد زخمی بھی ہوئے۔ فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو گھیرے میں لے کر مؤثر کارروائی کی، جبکہ آپریشن کے بعد علاقے میں تلاشی اور صفائی کی کارروائی بھی جاری رکھی گئی۔ ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے جدید اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان برآمد ہوا، جبکہ ایک موٹر سائیکل اور دو گاڑیاں بھی قبضے میں لے لی (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

برآمدات کی ترسیل میں خلل کسی صورت ملکی مفاد میں نہیں، احسن اقبال

ٹرانسپورٹرز سے ادب واحترام کے ساتھ اپیل ہے کہ ہڑتال ختم کرکے مذاکرات کا راستہ اپنائیں، حکومت ٹرانسپورٹرز کے ساتھ بیٹھ کر مذاکرات کرے گی

ہڑتال مسئلے کا حل نہیں کہ پاکستان کا اس وقت سب سے بڑا چیلنج برآمدات میں اضافہ ہے، برآمدات کی ترسیل میں خلل ڈالنا کسی صورت ملک کے مفاد میں نہیں، وفاقی وزیر

شکر گڑھ (اے این این) وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال نے ٹرانسپورٹرز سے ہڑتال ختم کرکے مذاکرات کا راستہ اپنانے کی اپیل کردی۔ سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں احسن اقبال نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز سے ادب واحترام کے ساتھ اپیل ہے کہ ہڑتال ختم کرکے مذاکرات کا راستہ اپنائیں، حکومت ٹرانسپورٹرز کے ساتھ بیٹھ کر مذاکرات کرے گی، ہڑتال مسئلے کا حل نہیں۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ پاکستان کا اس وقت سب سے بڑا چیلنج برآمدات میں اضافہ ہے، برآمدات کی ترسیل میں خلل ڈالنا کسی صورت ملک کے مفاد میں نہیں۔ وفاقی وزیر نے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

کوئٹہ، قائمقام سپیکر غزالہ گولہ، صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی، صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ اور پارلیمانی سیکرٹری ہادیہ نواز پریس کانفرنس کر رہی ہیں

اسرائیلی فوج کی لبنان پر بمباری جاری، پہاڑی علاقوں میں وائٹ فاسفورس برسادیا

شہریوں کی نقل مکانی، اسرائیلی فوج کا حزب اللہ کی بدر یونٹ کے سینئر کمانڈر کی ہلاکت کا دعویٰ

بیروت، تل ابیب، تہران، جدہ (جی این ایم) اسرائیلی فوج نے لبنان پر بمباری جاری رکھتے ہوئے پہاڑی علاقوں میں وائٹ فاسفورس برسادیا جبکہ حزب اللہ کے بدر یونٹ کے ایک سینئر کمانڈر ابو حسن علا کو شہید کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق صیہونی فورسز نے علی الطاہر کی پہاڑی علاقوں میں وائٹ فاسفورس برسادیا۔ اس سے قبل گزشتہ روز اسرائیلی حملے میں ایک (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

امریکی فوجیوں کی تدفین کیلئے جگہ مختص کردی، 5 ہزار قبریں بن سکیں گی، ایرانی حکام

یہ معمول کی ہنگامی منصوبہ بندی اور بحران سے نمٹنے کے انتظامات کا حصہ ہیں، محمد جواد تاجک

تہران (جی این ایم) ایران کے دارالحکومت تہران کے بہشت زہرا قبرستان کے سی ای او نے اعلان کیا ہے کہ تہران کی شہری حدود سے باہر ایک مقام کو ممکنہ جنگی حالات میں امریکی فوجی اہلکاروں کی عارضی تدفین کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام بحرانی انتظامات اور غیر معمولی حالات سے نمٹنے کی تیاریوں کا حصہ ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایک ٹیلی ویژن (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پاکستان کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے وسیع مواقع ہیں، ہسپانوی سفیر

پاکستان کی سپین کی مارکیٹ میں چاول، ایتھنول، آلو اور مکئی کی برآمدات بڑھانے کے امکانات کی بھی نشاندہی

اسلام آباد (اے این این) سپین کے سفیر کارلوس آرا گون گل ڈی لاسرنا نے کہا ہے کہ دونوں ممالک تجارت، سرمایہ کاری، اقتصادی تعاون اور ثقافتی تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔ سپین کے سفیر کارلوس آرا گون گل ڈی لاسرنا نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بلوچستان میں صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری کے اقدامات اٹھا رہے ہیں، بخت محمد

نئے آلات، ایمبولینس سروس، لیبارٹریز اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، وزیر صحت بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اسی مقصد کے تحت صحت کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات اور ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ صوبے بھر کے سرکاری اسپتالوں (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پاکستان میں دودھ کی پیداوار 6 کروڑ 50 لاکھ ٹن سالانہ ہوگئی

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان دودھ پیدا کرنے والا دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے، ملک میں دودھ کی سالانہ پیداوار (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

نواز شریف کی زیرِ صدارت مری میں اجلاس، آزاد کشمیر کی مخصوص نشستوں پر غور

مخصوص نشستوں کیلئے 10 خواتین کے انٹرویوز، مری ڈیولپمنٹ پلان پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا

مری (جی این ایم) مری کے گورنمنٹ ہاؤس میں مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی زیرِ صدارت اجلاس ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں آزاد کشمیر اسمبلی میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے معاملے پر غور کیا گیا، مخصوص نشستوں کیلئے 10 خواتین کے انٹرویوز بھی کیے گئے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

حج 2027 کی درخواستوں کی وصولی 18 اگست سے شروع ہوگی، وزارت مذہبی امور

حج 2027 کی درخواستیں ''پہلے آیئے، پہلے پایئے'' کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) حج 2027 کے لیے سرکاری اور نجی حج اسکیم کی درخواستوں کی وصولی کی تاریخ میں تبدیلی کردی گئی ہے، اب درخواستیں 17 کے بجائے 18 اگست سے وصول کی جائیں گی۔ ذرائع وزارت مذہبی امور کے مطابق حج درخواستیں اور اخراجات (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

گوادر میں ڈکیتی کی کوشش ناکام، پولیس نے 2 ملزمان گرفتار کرلیا

گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 موٹر سائیکلیں برآمد، دیگر ساتھیوں کی تلاش جاری

گوادر (یو این اے) پولیس تھانہ گوادر سٹی نے ڈکیتی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے کارروائی کے دوران دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں مسلم ولد امام بخش، ساکن کھٹی دور گوادر، اور فہد ولد خلیل احمد، ساکن زرین بگ دشت کیچ شامل ہیں۔ پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

جمعیت ایک فکری، دینی اور جمہوری تحریک کا نام ہے' ملک سکندر خان ایڈووکیٹ

عوام کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے جدوجہد جمعیت کی منشور کا حصہ ہے' مرکزی رہنماء جمعیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جمعیت ایک فکری، دینی اور جمہوری تحریک کا نام ہے۔ لسانی، علاقائی، قبائلی اور مذہبی عصبیتیں سے بالاتر جماعت ہے جو انسانیت کی خدمت اور دین کی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وفاقی وزیر کا خاران میں فتنہ الخوارج دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں قیامِ امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کے غیر متزلزل عزم کا ثبوت ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خاران میں فتنہ الخوارج دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر بہادری، پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کا شاندار (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

لاہور: جماعت اسلامی کے کارکنان پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کیخلاف وزیر اعلیٰ ہاؤس کی طرف مارچ کر رہے ہیں

مالکی معاشی ترقی اور مضبوطی میں اوورسیز پاکستانیوں کا کردار نہایت اہم ہے' گورنر

اوورسیز پاکستانیوں کی مہارت، سرمایہ کاری اور ترسیلاتِ زر ملکی معیشت کا قیمتی اثاثہ ہیں امریکہ میں مقیم پاکستانی تاجر اور سرمایہ کار پاکستان اور بلوچستان کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں

بیرونِ ملک پاکستانیوں کا جذبہ حب الوطنی اور پاکستان کی محبت قابلِ تحسین ہے، اوورسیز پاکستانی پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، جعفر خان مندوخیل کا ہوسٹن میں تقریب سے خطاب

نیویارک (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے امریکہ کے سرکاری دورے کے موقع پر گزشتہ رات ہوسٹن شہر جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں آباد تمام پاکستانیوں اور پاکستانی ڈائسپورا کو یومِ آزادی کی دلی مبارکباد دی۔ وطنِ عزیز سے ہزاروں میل دور رہنے کے باوجود آپ کے دلوں میں پاکستان کی محبت اور جذبہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی جو یقیناً قابلِ تحسین ہے۔ اس موقع پر انٹرنیشنل شہرت یافتہ پاکستانی بزنس مین تنویر احمد، طاہر بھٹی، ڈاکٹر آصف قدیر اور میکسم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عذیر حسن سمیت مردوں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں اپنے دورہ امریکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری جھالاوان چیلنج ہسپتال خضدار میں نئی تعمیر شدہ آپریشن تھیٹر کے افتتاح کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

کوئٹہ سے پشاور کیلئے ٹرین سروس 2 روز بعد بحال

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ سے پشاور کیلئے ٹرین سروس 2 روز معطل رہنے کے بعد بحال کردی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور کے لیے جعفر ایکسپریس اتوار کو مقررہ وقت پر روانہ ہوگئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ پشاور سے آنے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ 61 ارب روپے بڑھ کر 1675 ارب روپے تک پہنچ گیا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کے بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ مالی سال 26-2025 کے دوران 61 ارب روپے بڑھ کر جون 2026 کے اختتام پر 1675 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو جون 2025 کے اختتام پر 1614 ارب روپے تھا۔ تازہ ترین گردشی قرضے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

راولاکوٹ میں کالعدم ایکشن کمیٹی کے مسلح کارندوں کی فائرنگ اور حملے جاری

راولاکوٹ (جی این ایم) کالعدم ایکشن کمیٹی کے مسلح جتھوں نے راولاکوٹ میں ایک بار پھر پولیس پر حملہ کر کے اپنے مذموم عزائم ظاہر کر دیے۔ کالعدم ایکشن کمیٹی کے مسلح کارندوں نے سیکیورٹی فورسز پر جدید اسلحے اور دستی بموں سے حملہ کیا، حملہ آوروں نے شدید فائرنگ کی اور پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

صدر مملکت نے سینیٹ کا اجلاس کل طلب کرلیا، اہم قومی امور پر بحث متوقع

اجلاس میں ملکی و بین الاقوامی صورتحال، قانون سازی اور اہم قومی امور پر تفصیلی غور کیا جائے گا

اسلام آباد (اے این این) صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 54(1) کے تحت سینیٹ کا اجلاس کل 17 اگست کو شام 4 بجے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں طلب کرلیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں ملکی و بین الاقوامی صورتحال، قانون سازی اور اہم قومی امور پر تفصیلی غور کیا جائے گا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کا یو اے ای میں طبی معائنہ

دبئی (جی این ایم) سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ نے یو اے ای میں اپنا طبی معائنہ کرایا، دبئی میں ڈاکٹرز نے قمر جاوید باجوہ کا تفصیلی طبی معائنہ کیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق آرمی چیف علاج کیلئے بیرون ملک (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے' شیخ زرک مندوخیل

اپنی تمام تر صلاحیتیں علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے وقف کر رہے ہیں' رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وقف کر رہے ہیں عوام نے ان پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

امریکا اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارت 8 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی، امریکی ناظم الامور

امریکی تعلیمی مہارت پاکستانی طلبا کے لئے نئے مواقع اور معاشی تعلقات مضبوط کرسکتی ہے، نیٹلی بیکر

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے کہا ہے کہ امریکا اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارت 8 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے۔ امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے 11 اور 12 اگست کو لاہور کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور مشیر علی ڈار سمیت کاروباری رہنماں، ٹیکنالوجی ماہرین سے ملاقاتیں کیں۔ امریکی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

مستونگ حملے پر صادق سنجرانی کا میر ضیا اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ

پولیس اہلکاروں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ ناکام بنایا، صادق سنجرانی

کوئٹہ (یو این اے) سابق چیئرمین سینیٹ و رکن بلوچستان اسمبلی صادق سنجرانی نے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کرکے ان کی خیریت دریافت کی اور مستونگ میں ان کے قافلے پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ صادق سنجرانی نے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

وزیر اعظم سے وزیر صحت، ڈریپ حکام کی ملاقات آج ہوگی

ہارڈ شپ کیسز، 52 نئی ادویات قیمتوں پر بریفنگ دی جائیگی

اسلام آباد (جی این ایم) ڈریپ کی جانب سے جان بچانے والی 52 نئی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

بنوں: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سوراب میں مسلح افراد کی کارروائی، اسلحے کے زور پر 3 گاڑیاں چھین لی گئیں

سوراب (یو این اے) سوراب کے علاقے پنجپہ کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر تین چھوٹی گاڑیاں چھین لیں اور ایک خاندان کو ویرانے میں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ مقامی ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے گاڑیوں کو روک کر سوار افراد کو اسلحے کے زور پر اتارا اور تینوں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بلوچستان میں حفاظتی ٹیکوں کی کوریج میں تاریخی پیش رفت، مکمل ویکسینیشن 56.6 فیصد تک پہنچ گئی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام ای پی آئی نے نمایاں پیش رفت حاصل کرلی، آزادانہ سروے TPVICS راؤنڈ 3 کے مطابق صوبے میں بچوں کی مکمل حفاظتی ٹیکوں کی کوریج میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آغا خان یونیورسٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

گڈز ٹرانسپورٹرز اور حکومت کے درمیان مذاکرات میں آج اہم پیشرفت کا امکان

کراچی (یو این اے) گڈز ٹرانسپورٹرز اور حکومت کے درمیان آج اہم مذاکرات ہوں گے جس میں مثبت پیشرفت کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے ویڈیو پیغام میں بتایا کہ آج دن 3 بجے وفاقی حکومت، پنجاب حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

امریکا اور اسرائیل کی مکمل شکست تک پیچھے نہیں ہٹیں گے: ایرانی مسلح افواج

مزاحمت کی میراث ایران کی نئی نسل میں منتقل ہوچکی ہے، جو دنیا کی طاقتور فوج کے سامنے ڈٹ کر کھڑی رہی

تہران (اے این این) ایرانی مسلح افواج کے چیف آف جنرل سٹاف میجر جنرل علی عبداللہی نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کی مکمل شکست تک ایران پیچھے نہیں ہٹے گا۔ ایرانی مسلح افواج کے مطابق مزاحمت کی میراث ایران کی نئی نسل میں منتقل ہوچکی ہے، جو دنیا کی طاقتور فوج (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

کوئٹہ' پینے کے صاف پانی کی قلت شدت اختیار کرگئی، شہری پانی کے بوند بوند کو ترس گئے

واٹر سپلائی سکیمیں عملی طور پر ناکام ہوچکی ہیں اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں' شہری

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے کئی علاقے ہفتوں سے پانی کی فراہمی سے محروم ہیں، (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

دشت میں مسلح افراد کی ناکہ بندی، گاڑیوں کی چیکنگ، تین گھنٹے تک سڑک بند رہی

دشت تو گی روڈ تاسی پیک شاہراہ پر مرد و خواتین مسلح افراد کی موجودگی

دشت (یو این اے) دشت کے علاقے میں تو گی روڈ سے سی پیک شاہراہ جانے والی سڑک پر نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر ناکہ بندی کرکے گاڑیوں کی چیکنگ کی۔ مقامی ذرائع کے مطابق ناکہ بندی میں مسلح مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل تھیں، جنہوں نے سڑک سے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

تیزاب گردی کا شکار لیڈی ڈاکٹر کی مدد کرنے والے نوجوان کیلئے سرکاری ملازمت کا اعلان

مشکل گھڑی میں جان کی پرواکیے بغیر مدد کرنے والے نوجوان معاشرے کیلئے قابل تقلید مثال ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (جی این ایم) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کا شکار ہونے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی فوری مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

کالعدم بی ایل اے مذموم مقاصد کیلئے خواتین، بچوں کو نشانہ بنا رہی ہے' بلوچ خواتین قیادت

فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد عام شہری، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، بلوچستان میں دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے، مینا مجید بلوچ، راحیلہ درانی

صوبے میں امن، ترقی، خوشحالی اور تعلیم کو فروغ دیں گے، غیور بلوچوں کا دہشتگردوں سے کوئی تعلق نہیں، نوشکی میں خواتین کا قتل قابل مذمت ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے سیاست دان خواتین نے کہا ہے کہ کالعدم بی ایل اے عام شہریوں، خواتین، بچوں کو نشانہ بنا رہی ہے، دہشت گردی ختم کرنا ہوگی۔ ڈپٹی سپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مشیر وزیر اعلیٰ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ بی ایل اے کے دہشت گردوں نے 50 سالہ بی بی حنیفہ اور 17 سالہ بیٹی کو گھر میں گھس کر فائرنگ سے قتل کردیا۔ مشیر مینا مجید نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد عام شہری، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

مقتدرہ نے حکومت سے صوبوں کے معاملے پر گفتگو نہیں کی، رانا ثنا اللہ

جو وفاقی وزرا نئے صوبوں کا قیام چاہتے ہیں وہ کوئی فارمولا تحریری شکل میں سامنے رکھیں، کیا علیم خان نے صوبوں سے متعلق کوئی منصوبہ پیش کیا ہے؟

صرف بات کرنے سے یا پوڈ کاسٹ کرنے سے تو صوبے نہیں بن سکتے عوامی سطح پر صوبوں سے متعلق کوئی مقبول ڈیمانڈ نہیں ہے،، وزیر اعظم کے مشیر

اسلام آباد (اے این این) رانا ثنا کا کہنا تھا کہ جو وفاقی وزرا نئے صوبوں کا قیام چاہتے ہیں وہ کوئی فارمولا تحریری شکل میں سامنے رکھیں، وزیر اعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مقتدرہ نے ابھی تک حکومت سے صوبوں کے معاملے پر کوئی گفتگو نہیں کی، نہ ہی یہ معاملہ ابھی تک کابینہ یا پارلیمنٹ میں زیر بحث آیا ہے۔ نجی نیوز چینل کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے رانا ثنا کا کہنا تھا کہ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے حوالے سے اب تک کوئی پلان نہیں بنایا گیا ہے، کوئی کہہ رہا ہے 12 صوبے ہوں گے، کوئی 32 اور کوئی 20 کہہ رہا ہے، کیا کوئی آدمی محض خیالی طور پر یہ (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

بلوچستان سے اردو اور فارسی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
ABC Certified
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر انچیف ایم۔ ندیم گلندرانی و فروغ رزاق گلدستہ بہار قمر آباد روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com
ایڈیٹر:۔ کاشف مرتضیٰ قدرانی

میڈیکل سٹی منصوبے

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ میڈیکل سٹی منصوبے کی سیالکوٹ کو اشد ضرورت تھی۔ سیالکوٹ میڈیکل سٹی کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں خواجہ آصف نے کہا کہ ہم چیمبر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، اس منصوبے کی شہر کو اشد ضرورت تھی۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی سیالکوٹ میں میڈیکل ایمرجنسی ہوتی ہے تو لاہور کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ لاہور سیالکوٹ موٹروے میں ایک اور لین شامل ہونے جا رہی ہیں، کھاریاں موٹروے پہلے مکمل ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ موٹروے کی پروٹول جب دی تو مجھے بہتر رسپانس ملا، شاہدرہ سے شروع ہو کر رواں تک ایک شہر دوسرے شہر سے جڑا ہوا ہے۔ خواجہ آصف نے یہ بھی کہا کہ اب سیالکوٹ ایئرپورٹ پر جہلم گجرات، آزاد کشمیر کے لوگ بھی آ رہے ہیں، ان سارے منصوبوں کا سہرا تاجر برادری کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ کی برنس کمیونٹی جو اسٹینڈ ڈ بنا رہے ہیں وہ بین الاقوامی سطح پر مانا جاتا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ میڈیکل سٹی منصوبے کی سیالکوٹ کو اشد ضرورت تھی۔ سیالکوٹ میڈیکل سٹی کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں خواجہ آصف نے کہا کہ ہم چیمبر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، اس منصوبے کی شہر کو اشد ضرورت تھی۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی سیالکوٹ میں میڈیکل ایمرجنسی ہوتی ہے تو لاہور کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ لاہور سیالکوٹ موٹروے میں ایک اور لین شامل ہونے جا رہی ہیں، کھاریاں موٹروے پہلے مکمل ہوگی۔

بقیہ 1

کوئی بھی رکاوٹ ملی مفاد میں نہیں۔ وفاقی وزیر نے فرانچائزز پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر ہڑتال ختم کریں تاکہ ڈاکٹر کا راستہ اپنائیں تاکہ مریض آرام کا عمل متاثر نہ ہو۔

بقیہ 2

پوری دے دو اور عزم کے ساتھ اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 3

بطور پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے محمد جواد تک نے کہا کہ مقررہ مقام پر تقریباً 15 ہزار قبروں کی تنصیص ہے، یہ اقدام اعظم میڈیا ہم بالفیلنی کا روائی کیلئے بلک تنہران شہر سے باہر یہ مقام حقیقتاً تیار کیا جا چکا ہے۔ جواد تاکہ کا کہنا تھا کہ ان کے ادارے کو بھی امریکی فوجی دستوں کا خطرہ ہے ہمارا تو یہ سمجھا ہوا ہے، ان کے مطابق ایک معمول بنا ہوا ہے، ان کے مطابق ایک معمول بنا ہوا ہے، ان کے مطابق ایک معمول بن

بقیہ 1

ٹک ٹک کہ خراب ہو چکی ہے۔ عاصم افتخار نے یاد دہانی کرائی کہ 2021ء میں طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد افغانی برادری نے تین ایام کے اختلافات کے بعد ان تین دنوں کیلئے ترک پرچیں رخت کے بجائے مسلسل جنرل دیکھی گئی ہے۔ افغان حکومت کو پنج شیر و دوزگان کی پابندی طالبان کی حکومت کو پنج اشباہ ہے کے دھمکے پورے کئے گئے۔ پاکستان مندوب نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف سب سے بڑی قیمت ادا کی ہے۔ سال 2025 کے دوران پاکستان میں 5200 سے زائد دہشت گردانہ واقعات میں 1300 سے زیادہ افراد شہید ہوئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سال 2026 کے پہلے چھ ماہ میں سیکورٹی کے صوت حال مزید ابتر ہوئی ہے جہاں 3000 سے زائد حملوں میں 830 سے زائد سکیورٹی اشیری اور سکیورٹی اہلکار اپنی جان گنوا چکے ہیں۔ مل ملوں میں انہوں نے کالعدم تحریک طالبان پاکستان، بلوچستان لبریشن آرمی اور مجید بریگیڈ کو بنیادی طور پر ذمہ دار ٹھہرا تے ہوئے کہا کہ اس کی پشت پناہی افغان سرزمین سے ہو رہی ہے۔ اب سوال پر کہ کیا طالبان انتظامیہ ٹی ٹی پی کو روکنے میں ناکام ہے یا قصداً انہیں چاہ دے رہی ہے، عاصم افتخار نے کہا کہ اقوام متحدہ کی رپورٹس اور پاکستانی ایجنسی میں اب بات کی تصدیق کرتی ہے کہ یہ صرف صلاحیت کی کمی کا معاملہ نہیں ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کابل انتظامیہ نے ٹی ٹی پی کو محفوظ ٹھکانے، تربیتی کیمپ اور اسلحہ کا چھوڑا تھا بھیجا ہے اور اسے معاونت اور سرحد پار دراندازی کیلئے سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سعود عرب، ترکیہ، چین اور قطر جیسے دوست ممالک کی ثالثی اور کوششوں کے باوجود طالبان افغانستان کی دہشت گردی کے خاتمے کے لئے کوئی بھی عملی اور تصدیق شدہ قدم اٹھانے سے مسلسل انکار کیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ عالمی برادری کو اس پالیسی پر اپنا سفارتی اور معاشی دباؤ بڑھانا ہوگا تاکہ خطے میں پائیدار امن کا قیام ہو سکے۔

بقیہ 2

سانحہ کراچی کی معذور سے چوری ہوئی ہے۔ ایس ایچ او قصاشہ نے اور اینچارج 15 مددگار سینٹر نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ موقعہ پر پہنچ کر ہیلپ لائن 2012 پر کال کرنے والے گاڑی نوبیٹ کرلا ہالی ٹاؤن کراچی

زراعت بلوچستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، صادق عمرانی

محکمہ ایریگیشن کے ٹھیکیداروں کو مقررہ شیڈول کے مطابق پانی کی فراہمی اور پانی چوری کے سدباب کے لیے عملی اقدامات کررہی ہیں

نہری پانی کی تقسیم میں کسی قسم کی ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی، ٹیلی کے علاقوں تک پانی کی رسائی یقینی بنائی جائے گی، صوبائی وزیر

نصیر آباد (ن) صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی سے سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیر آباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے ملاقات کی، اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر پارٹی کے ڈویژنل صدر و چیرمین مارکیٹ کمیٹی نصیر آباد میر بلال صادق عمرانی اور سب ڈویژن تحصیل تھیسر امان اللہ کاجیانی بھی موجود تھے۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیر آباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کو محکمہ ایریگیشن کی جانب سے کاشتکاروں کے وسیع تر مفاد میں اٹھائے جانے والے اقدامات، محکمہ ایریگیشن کی نئی پالیسی اور پانی کی منصفانہ و شفاف تقسیم، نہروں میں پانی کی روانی، آبپاشی نظام کی بہتری اور نہری نظام کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ مدثر ظفر کھوسہ نے بتایا کہ محکمہ ایریگیشن کی نئی (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم مسلح افراد موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (ڈی ایم ایم) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل ہزار روپے نقدی موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق متاثرہ شہری ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی ہیں۔ مدثر ظفر کھوسہ نے بتایا کہ محکمہ ایریگیشن کی (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

ڈوب، بی ایل ڈی ایٹی ڈیز میں بدعنوانی اور سیاسی مداخلت کے خلاف کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کا احتجاج

بی پیج قوانین کی خلاف ورزی اور من پسند فرموں کو ٹھیکے دینے کا الزام، ٹینڈر فیس لاکھ، محدود ہوگئے

ڈوب (یو این اے) گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنماء میر زمعہ ولد الاحمد محمد عبدالوحید ایوب زئی کلاچ خان نخت نخیب اللہ اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈوب اور شیرانی میں حالیہ ٹینڈرز اور بالخصوص بی ایس ڈی ایٹی کے تحت ہونے والے ٹینڈرز میں سول

اوتھل، پارلیمانی سیکرٹری قانون سیاحت وثقافت بلوچستان سرکٹ ہاؤس میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ملکیتی اراضی پر سرکاری ڈیری فارم منصوبہ ناقابل قبول ہے، بازئی قبائل

تنازعہ اور ناہموار اراضی پر منصوبہ بندی عوامی مفاد کے منافی ہے، اہلی حکام فوری ٹیلس، بنگلی اجلاس

ڈیری فارم منصوبے کے خلاف بازئی قبائل کے معتبرین اور عمائدین کا بنگلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں علاقے کی اراضی، ریونیو ریکارڈ، عدالتی احکامات اور مبینہ (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

پاکستان فارمیسی کونسل میں، سینکڑوں رجسٹریشن وڈگریوں کے کیسز التوا کا شکار

ڈیرہ بے ایک افسر اختر عباس کو چین ماہ کیلئے نصیحت کیا جائے وفاقی محتسب نے بنایا، اور اس کی تقرری کو غیر قانونی قرار دیا گیا

اسلام آباد بی ٹی ایم) پاکستان فارمیسی کونسل میں مستقل بنیادوں پر سیکرٹری کی عدم تعیناتی اور کونسل کے انتخابات کی بنا پر سینکڑوں رجسٹریشن وڈگریوں کے کیسز التوا کا شکار ہو گئے ہیں، ساؤں سیکرٹری کا عہدہ خالی پڑا صدر بھی چوبیک کے ڈاکٹر لاگ دیا گیا، ڈگرگ رکھ لیوں کی اطرافی (ڈر پ) سے ایک افسر اختر عباس کو چین ماہ کیلئے تعینات کیا جائے وفاقی محتسب (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

کوئٹہ، کچھی کینال بلوچستان میں زرعی ترقی اور معاشی استحکام کا نیا دور لے آئی

پروجیکٹ کی مجموعی لاگت 13 ہزار ارکھ ارب ہوگی، 500 کلومیٹر طویل منصوبے سے ہریالی اور روزگار کی امیدیں روشن

کوئٹہ (یو این ایم) بلوچستان کی زرعی ترقی اور معاشی استحکام کے لیے کچھی کینال منصوبے کو ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ منصوبے کے ذریعے ڈیرہ بگٹی سمیت 7 لاکھ 13 ہزار ارکھ اراضی سیراب ہوگی، 500 کلومیٹر طویل منصوبے سے ہریالی اور روزگار کی امیدیں روشن ہوگئیں۔ چار کنٹرول شدید متاثر ہوئے ہیں مختلف مقامات پر کئی گنا فٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

طالبان حکومت خطے کو غیر مستحکم کرنے والی پراکسی بن چکی ہے، عاصم افتخار

سرحدی حالات اور سیکیورٹی کی صورت حال انتہائی تشویش ناک حد تک خراب ہوچکی ہے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف سب سے بڑی قیمت ادا کی ہے

عالمی برادری کابل پر اپنا نفاذ اور معاشی دباؤ بڑھائے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہوسکے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مندوب کا انٹرویو

پاکستانی مندوب نے ڈیرہ مراد جمالی میں وزیر دفاع خواجہ آصف کی جانب سے دونوں ممالک کے درمیان کھلی جنگ سے متعلق دیے گئے بیان کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ سرحدی حالات اور سیکیورٹی کی صورت حال انتہائی تشویش (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

کراچی میں پشتون عوام کی تضحیک ناقابل قبول ہے، سید صادق آغا

کراچی میں آباد تمام اقوام کو آئینی حقوق اور تحفظ فراہم کیا جائے، صوبائی سینئر نائب صدر بی پی آئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کراچی میں پشتون عوام، خصوصاً ہوٹل مالکان اور کاروباری افراد کے ساتھ میئر بشیر کا میڈ اور ناروا رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس بھی قوم، زبان یا

ہم المیہ ان کوئٹہ وابلہ کے اس پر وہ امیں دل کی برابر ایس

کوئٹہ سابق بیٹرز حاجی لشکری، ریسائی سوہان ہاؤس میں ایک تقریب کے دوران لوگوں کے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

5 روز گزرنے کے باوجود دھماکے کے سے متاثر، گیس پائپ لائن کی مرمت شروع نہ ہوسکی

سیکیورٹی کلیئرنس کے منتظر ہیں، کلیئرنس ملتے ہی کام آغاز کردیا جائے گا، سوئی سدرن گیس کمپنی

کوئٹہ (یو این ایم) یو این میں دھماکے سے متاثر ہونے والی 18 انچ قطر کی گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام پانچ روز گزرنے کے باوجود شروع نہ ہوسکا، سیکیورٹی کلیئرنس نہ ملنے کے باعث سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق متاثرہ پائپ لائن کی مرمت کے لیے تمیں اور ضروری سامان موجود (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

سندھ حکومت کے تعاون سے سیلاب متاثرین کیلئے 200 گھر تعمیر کے جارہے ہیں، وزیراعلیٰ گلگت

گلگت بلتستان قدرتی آفات کی زد میں، ہر سال گلاڈ برسٹ اور سیلاب کے باعث متعدد گھر تباہ ہوجاتے ہیں

گلگت (ن) اسلام آباد) وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کے تعاون سے قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کیلئے 200 گھر تعمیر کے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ امجد حسین ایڈووکیٹ کو محکمہ ہائیک ایند ڈیفینس کی جانب سے ڈھزرے کے تعاون سے شروع کیے جانے والے 16 ارب روپے لاگت کے کلائیمٹ ریزیلینس پروجیکٹ کے حوالے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوئٹہ، چائے کا کپ 100 روپے کا ہوگیا، من مانے اضافے پر شہریوں کا شدید احتجاج

پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ فوری نوٹس لے کر سرکاری نرخ نامہ لاگو کرائیں، عوام کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں چائے کی قیمتوں میں اچانک اور مبینہ طور پر من مانے اضافے نے شہریوں اور سارلین کو شدید تشویش میں مبتلا کردیا ہے۔ شہر اور گرد و نواح کے مختلف ہوٹلوں اور چائے خانوں میں چائے کا ایک کپ 80 روپے سے بڑھا کر 100 روپے تک فروخت کیے جانے کی شکایات سامنے آئی ہیں، جس پر شہریوں نے سخت تشویش اور برہمی کا اظہار کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری مطالبہ کیا جیسے ہیں خوروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا جیسے ہیں کے مطابق کوئٹہ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ایران میں پولیس اہلکاروں پر حملے میں ملوث شخص کو سزائے موت

تہران (ن) ایران ایم) ایران میں پولیس اہلکاروں پر حملے میں ملوث شخص کو سزائے موت دے دی گئی۔ ایرانی عدلیہ کے مطابق مجرم کو سبوتی حکومت اور امریکی حمایت میں اقدامات پر سزائے موت دی گئی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق سزا پانے والے بے جنوری کے مظاہروں میں پولیس اہلکاروں پر گاڑی چڑھانے کا الزام تھا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق کرج شہر میں 8 جنوری کو ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

نصیر آباد، پولیس نے کراچی سے چوری ہونے والی ٹویوٹا کرولا گاڑی برآمد کرلی

کارروائی ایس ایچ او کی اور ہدایات پر کیس ہوئی، مقدمہ پولیس کو اطلاع فراہم، نصیر آباد پولیس

کوئٹہ (یو این اے) ڈسٹرکٹ پولیس نصیر آباد نے کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے سے چور ہی ہوئے والی ٹویوٹا کرولا برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق 11 اگست 2026 کو ٹویوٹا کرولا کراچی کے علاقے شاہین ایپلیکس میں روڈ تھانہ آرام باغ ڈیرہ دیوبن ضلع (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

لورالائی، میونسپل کمیٹی کے اجلاس میں کونسلرز کے سخت تحفظات، کروڑوں کی بدعنوانی کے سنگین الزامات

چیف آفیسر کی غیر حاضری، سولر لائٹس اور فنڈز میں کروڑوں کی خرد برد کا ہوا احتجاج، سابق چیئرمین عزیز پٹھان

لورالائی (یو این اے) میونسپل کمیٹی لورالائی کا ہوا اس اجلاس واٹس چیئرمین ضلع ارزیر اتھائیل کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی نیشنل ریزائر ڈسٹیشن شیاع نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں 12 جنرل کونسلرز نے شرکت۔ کی کونسلر مولوی جمال الدین نے حالیہ سیلاب (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب با اثر شخص کے تشدد سے خاتون زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (یو این ایم) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب با اثر شخص کا خاتون پر بدترین تشدد زخمی حالت میں ہسپتال منتقل پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مکھوئی وکورگ کا رکیا۔ پاکستان رینجر سندھ کا کانٹر ٹرانسپورٹ کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مکھوئی وکورگ کا رکیا۔ پاکستان رینجر سندھ کے ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت شیٹرا عرف ذکر کے نام سے ہوئی ہے، جس کا تعلق قبیلہ الوارخ کے منصور گروپ سے بتایا گیا ہے، کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

خضدار، سانحہ سوراب اور اختر مینگل کے فلیٹ پر چھاپے کے خلاف بی این پی کا احتجاجی ریلی

سردار اختر مینگل کے مغوی ملازمین کی بازیابی اور واقعات کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ، لعل جان بلوچ

خضدار (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کال پر سانحہ سوراب کے خلاف خضدار میں احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا، بی این پی کے ضلعی آرگنائزر چیئرمین لعل جان بلوچ اور تحصیل آرگنا

واشنگٹن میں یوم آزادی کے موقع پر پاکستانی سفارتخانے میں قائداعظم کا مجسمہ نصب

قائداعظم کا یہ مجسمہ ہیوسٹن میں قائم قائداعظم فاؤنڈیشن کی جانب سے سفارتخانے کو بطور تحفہ دیا گیا

واشنگٹن (بی این ایم) امریکا کے دارالحکومت واشنگٹن میں پاکستانی سفارتخانے میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا مجسمہ نصب کردیا گیا۔ مجسمے کی تقریب کشائی یوم آزادی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

گوٹھ کوڑا چھلگری میں قبائلی جھگڑے کے دوران فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

متوفی حق نواز کی لاش سول ہسپتال منتقل، معائنے کے بعد لاشوں نے موت کی تصدیق کردی

بھاگ (یو این ایم) بھاگ کے علاقے گوٹھ کوڑا چھلگری میں دو فریقین کے درمیان سامنے آنے والے قبائلی جھگڑے کے دوران شدید فائرنگ کے واقعہ پیش آیا ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں گوٹھ لگنے سے حق نواز ولد اللہ ڈنہ چھلگری جاں بحق شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ واقعے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

حکومت عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، نزرین مگسی

اوتھل (بی این ایم) پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ثقافت نوابزادہ میر نزرین خان مگسی نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، سہیلہ کے عوام کے مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے اور عوام کو کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ یہ بات انہوں نے سرکٹ ہاؤس اوتھل میں ملاقات کرنے والے مختلف وفود، قبائلی (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

ملکیتی اراضی پر سرکاری ڈیری فارم منصوبہ ناقابل قبول ہے، بازئی قبائل

تنازعہ اور ناہموار اراضی پر منصوبہ بندی عوامی مفاد کے منافی ہے، اہلی حکام فوری ٹیلس، بنگلی اجلاس

ڈیری فارم منصوبے کے خلاف بازئی قبائل کے معتبرین اور عمائدین کا بنگلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں علاقے کی اراضی، ریونیو ریکارڈ، عدالتی احکامات اور مبینہ (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

ن لیگ ملک و قوم کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کی ضامن ہے، جمال شاہ

حکومتی پالیسیوں سے مہنگائی میں کمی کے اثرات نمایاں ہونا شروع ہوگئے، پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ خطے میں امن و ترقی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا

وزیراعظم سمیت وفاقی حکومت بلوچستان سمیت ملک کو ترقی کی جانب تیزی سے گامزن کرنے میں دن رات ایک کررہی ہے، رکن قومی اسمبلی

ترقی خوشحالی معیشت کی ضامن ہے موجودہ حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت مہنگائی میں کمی کے اثرات نظر آنا شروع ہوگئے ہیں پاکستان ترکی اور سعودی عرب دفاعی معاہدہ امن ترقی خوشحالی میں تینوں ممالک کے لئے سنگ میل ثابت ہوگا بلوچستان کی عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے

(بی بی این ایم) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن بلوچستان سمیت ملک کو ترقی کی تعمیر

پی آئی اے کا لندن کیلئے ہفتہ وار سات پروازیں چلانے کا فیصلہ

اسلام آباد (بی این ایم) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن نے لندن کے لیے روزانہ کی بنیاد پر ایک پرواز چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیصلے کے تحت لندن کے لیے ہفتہ وار 7 پروازیں آپریٹ کی جائیں گی۔ رپورٹ کے مطابق پی آئی اے لاہور اور اسلام آباد سے مشترکہ 7 پروازیں آپریٹ کرے گی، ان میں اسلام آباد سے لندن ہفتہ وار 5 جبکہ لاہور سے لندن ہفتہ وار 2 پروازیں شامل ہیں۔ رائج کے مطابق کرٹش انٹرلائنز (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

انڈونیشیا، زلزلے سے اموات کی تعداد 51 ہوگئی

زلزلے سے متاثرہ علاقوں سے 5 ہزار افراد محفوظ مقامات پر منتقل، انڈونیشین حکام

دکارتہ (بی این ایم) انڈونیشیا میں آتوالے ہونا ک زلزلے نے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلا دی، جس کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 51 ہوگئی جبکہ متعدد افراد زخمی ہیں۔ حکام کے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

پولیس مقابلے کے دوران 2 ڈکیٹ زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد

ملزمان ڈکیتی کی نیت سے کھڑے تھے، فائرنگ کے تبادلے کے بعد گرفتار کرکے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل، ایس ایس پی جعفر آباد

جعفر آباد (یو این اے) جعفر آباد کے تھانہ بھیمہ فارم کی حدود میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

بھاگ کے قریب زمین کے تنازعے پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (اے این ایم) بھاگ کے قریب چھلگری قبیلے کے دو گروپوں میں زرعی زمین کے تنازعے پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ضلع بھی صدر پولیس تھانہ بھاگ کی حدود یونین کونسل محرم گوٹھ کوڑا خان چھلگری میں زرعی اراضیات کے تنازعے پر چھلگری قبیلے کے دو فریقین نے مورچہ بنا کر دیا ہے۔ شہر اور گرد و نواح کے مختلف ہوٹلوں اور چائے خانوں میں چائے کا ایک کپ 80 روپے کا ہوگیا، من مانے اضافے پر شہریوں کا شدید احتجاج

سابق صوبائی وزیر سردار رحیل رئیسانی، بزارہ، ایئر مارشل بزارہ، سردار حیدر عباس، اور چیئرمین نادرا رحیل بزارہ اور دیگر تنظیم نسل نو بزارہ کے زیر اہتمام جشن آزادی اور تقریب کا ایک منظر

بلوچستان میں ٹرانسپورٹ شعبہ تباہ ہوچکا ہے، حبیب اللہ بادیزئی

ٹرانسپورٹرز شدید مشکلات کا شکار، گاڑیوں کی اقساط کی مد میں کروڑوں روپے کے مقروض ہوچکے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا شعبہ اس وقت مکمل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے، صوبے کی قومی شاہراہوں کی خستہ حالی، امن و امان کے مسائل، غیر ضروری رکاوٹوں اور دیگر مشکلات نے باعث ٹرانسپورٹرز شدید معاشی بحران کا شکار ہیں۔ حکومت فوری طور پر ٹرانسپورٹرز کے لیے خصوصی ریفلیکٹ پیکیج کا اعلان کرے۔ کوئٹہ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر سفر کرنا ٹرانسپورٹرز اور مسافروں دونوں کے لیے انتہائی مشکل بن چکا ہے۔ طویل سفر کے دوران سڑکوں کی خراب حالت مختلف مقامات پر رکاوٹوں اور دیگر مسائل کے باعث نہ صرف گاڑیوں کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ ٹرانسپورٹرز کے اخراجات میں بھی کئی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کوئٹہ، کرنل فرخ کیانی جمال شاہ کاکڑ، ڈپٹی کمشنر بلوچستان کاکڑ، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان ڈاکٹر عبدالرزاق بلوچ اور دیگر جشن آزادی کی تقاریب کے موقع پر

کوئٹہ آٹے کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، غریب عوام دو وقت کی روٹی کو ترس گئے

ٹیوبی دو وقت کی روٹی کے لیے شدید مشکلات سے دوچار، بیکٹ غریب طبقے کے گھروں میں چولہے ٹھنڈے ہونے لگے ہیں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں حالیہ دنوں میں ٹیوبی کے دوران غیر معمولی اضافہ نے عوام کی کمر توڑ دی ٹیوبی دو وقت کی روٹی کے لیے شدید مشکلات سے دوچار ہیں جبکہ غریب طبقے کے گھروں میں چولہے ٹھنڈے ہونے لگے ہیں۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق آٹے کے تھیلے کی قیمت میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ دیکھا جارہا ہے۔ کبھی تو آٹا عام آدمی کی پہنچ میں تھا، آج اس کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی

بلوچستان کو معاشی طور پر مستحکم بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، شعیب نوشیروانی

حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی، اس لیے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے مسائل کے بہتر استحصال اور کرپشن کے خاتمے کے لیے حکومت کا ساتھ دیں، وزیر خزانہ بلوچستان

نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرامز بھی شروع کیے جارہے ہیں

کوئٹہ (اے این ایم) وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبے کو معاشی طور پر مستحکم بنانا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے عوامی مسائل کم ہوں اور صوبہ ترقی کی جانب گامزن ہو حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی، اس لیے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے مسائل کے بہتر استحصال اور کرپشن کے خاتمے کے لیے حکومت کا ساتھ دیں بلوچستان کے عوام محنتی ہیں، اگر ہم سب مل کر آگے بڑھیں تو معاشی مشکلات پر قابو پایا جا سکتا ہے یہ بات انہوں نے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے

جشن آزادی سائیکل ریلی: بلوچستان کی شاندار کارکردگی، منصوبہ جات کی دوسری پوزیشن حاصل کرلی

160 کلومیٹر طویل ریس میں 69 سائیکلسٹوں کی شرکت، کوئٹہ کا مرکز پہلا شاندار استقبال کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) جشن آزادی پاکستان لاہور تا واہگہ سائیکل 1600 کلومیٹر 15 ڈیفنسٹ سائیکل ریس میں بلوچستان کی شاندار کارکردگی۔ دوسری پوزیشن حاصل کرلی۔ پاکستان آرمی کی ترقی حاصل کی۔ پاکستان آرمی۔ پاکستان واپڈا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کراچی۔ ریلوے اور چاروں صوبوں سے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

آئے دن گیس کی قیمتوں میں بھرپور اضافے سے عوام کے لیے دو وقت کی روٹی مشکل ہوگئی، بے پوائی

حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے کرپشن اور اقتدار کے تحفظ میں مصروف ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل احمد مولانا محبت اللہ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

14 اگست کو احتجاج کرنے والے ہم میں سے نہیں: اختیار ولی پی ٹی آئی پر برس پڑے

پی ٹی آئی والے دو قومی نظریے کو بھی نہیں مانتے اور شہدا کو بھی شہید تسلیم نہیں کرتے، لیگی رہنماء

پشاور (اے این ایم) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اختیار ولی خان نے پاکستان تحریک انصاف کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست کو احتجاج کرنے والے ہم میں سے نہیں، یہ لوگ ملک کے نظریے اور قومی تشخص سے متصادم طرز فکر اختیار کررہے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

پاکستانی پرچم سربلند رکھنے پر کالعدم ایکشن کمیٹی نے 2 نوجوانوں کو اغواء کرلیا

سردار زاہد اور سردار اکرم منصف کو ڈرل بازیاب کرانے کے فیصلہ کارروائی کی جائے، لواحقین

راولپنڈی (یو این ایم) پاکستان کے پرچم کو آزاد کشمیر میں سربلند رکھنا سردار زاہد اور اکرم منصف کا جرم بن گیا۔ 13 اگست کو راولپنڈی سے راولاکوٹ جاتے ہوئے سردار زاہد اور سردار اکرم کو نظریہ پاکستان کی حمایت کے جرم میں راہزنوں نے اغوا کرلیا۔ سردار زاہد اور سردار اکرم کے خوف کے بعد لواحقین (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

آن لائن فراڈ، اسلام آباد سے گرفتار 284 غیر ملکی افراد کو اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا فیصلہ

گرفتار افراد میں اکثریت ویتنام، انڈونیشیا اور چین کے شہریوں کی ہے

اسلام آباد (بی این ایم) اسلام آباد کی ہی ہائوسنگ سوسائٹی سے آن لائن فراڈ اور فحش مواد بنانے والے گرفتار 284 غیر ملکی افراد کو اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں نجی ہائوسنگ سوسائٹی کے بلاز کو سب جیل قرار دینے کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا ہے، گزشتہ روز غیر ملکیوں کے دیزے منسوخ کرنے کے خصوصی پرمٹ جاری کئے گئے تھے۔ تمام غیر ملکیوں کو ملک بدر کرنے کے لیے اڈیالہ جیل منتقل کیا جارہا ہے، تمام 284 غیر ملکیوں کو 15 روز کے اندر پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوئٹہ بلیٹی ہاؤس میں کوئٹہ میں جمہوری وطن پارٹی کے 36 ویں یوم تاسیس کے موقع پر صوبائی ڈپٹی جنرل سکرٹر ی شاہد بلیٹی، ندیم کاکڑ، نیاز اللہ نازاند، چیئرمین بلیٹی، سراج کاکڑ اور دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

کوئٹہ مہنگائی اور بے روزگاری کے دوہرے عذاب میں گری عوام

آٹے، گھی، دالوں اور سبزیوں سمیت بنیادی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے

کوئٹہ (اے این ایم) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں عام شہریوں کی زندگی دن بدن مشکل ہوتی جارہی ہے آٹے، گھی، دالوں اور سبزیوں سمیت بنیادی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ حالیہ مہینوں میں آٹے کی قیمت میں 25 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سبزیوں کی قیمتوں میں 30 فیصد اضافہ اور دیگر اشیاء کی قیمتیں میں بھی 20 فیصد اضافہ دیکھا گیا ہے شہر کے اکثر بازاروں میں عام دکانداروں کا کہنا ہے کہ ہولوں اور انٹرپرائز کے بڑھتے اخراجات کی وجہ سے اشیاء کی قیمتیں قابو سے باہر ہو رہی ہیں کوئٹہ کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع محدود ہوتے جارہے ہیں تعلیم یافتہ نوجوان بھی ملازمت کے لیے در بدر ہیں متعدد چھوٹے کاروبار مہنگائی اور بجلی کے بھاری بلوں کے باعث بند ہوچکے ہیں۔ عہدیدار طبقہ کہتا ہے کہ دیہاڑی کے مواقع کم اور اخراجات کئی گنا بڑھ گئے ہیں ایک مقامی شہری عبدالرحمٰن نے بتایا گھر کا خرچ چلانا مشکل ہوگیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

نئے صوبوں کے لیے قومی ڈائیلاگ شروع کرنے کی ضرورت ہے، ایم کیو ایم پاکستان

صوبے بنانے کے جواز اتر آئے ہیں اس پر بھی بات کرنی چاہیے، اگر صوبے بنانا ضروری ہے تو ہمیں اس کا ذکر کیوں موجود ہے؟، خالد مقبول صدیقی

ہمیں وہ نظام چاہیے جہاں ہمارے حقوق اور مسائل حل ہوں، ملک چلانے والوں کو بھی ادراک ہو گیا کہ ملک و بچانے کا واحد راستہ انتظامی یونٹ بنانا ہے، مصطفیٰ کمال

کراچی (بی این ایم) ایم کیو ایم پاکستان نے ملک میں آبادی کے تناظر سے نصوبوں کے قیام کا مطالبہ دوہرا تے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں نئے صوبے بنانے کا مقدمہ سب سے زیادہ مضبوط ہے، نئے صوبوں کے حوالے سے بڑے قومی ڈائیلاگ کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار کراچی میں ایم کیو ایم رہنماؤں کی مشترکہ پریس کانفرنس میں کیا گیا۔ پارٹی چیئرمین خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا پاکستان کو موجودہ صوبے جو قومی تقاضوں پر نہیں بنائے گئے تھے، آج ملک میں جو صوبے ہیں وہ سالوں بنیادوں پر بنائے گئے تھے، زیادہ آبادی کے باوجود صوبے انتظامی یونٹ ہیں، آبادی کی رفتار سے زیادہ ملک بھر میں اضلاع بنا دیئے گئے، لیکن آبادی کے بڑھنے کے باوجود صوبے نہیں بنائے گئے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)